© rasailojaraid.com

# ترجمان القرآن کا نیا انتظام

الحمدللہ ترجمان القرآن کی نصف اول ششماہی ختم ہوئی اگر خدا کو منظور ہے تو آئندہ ماہ سے اس کا انتظام مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب سابق اڈیٹر الجمعیۃ کو سپرد کیا جائے گا جس میں قرآنی مقاصد کے لیے بہترین مضامین فراہم ہوں گے ساتھ ہی سائز بھی بدلا جائیگا۔ رائل سائز کے ۴۸ صفحات پیش کئے جائیں گے ٹائٹل اور کاغذ بھی اعلیٰ ہوگا اور کتابت و طباعت میں بھی مزید ترقی ہوگی۔ اس سلسلہ میں ناظرین کرام پر بھی جو فرض عاید ہوتا ہے اس کے کہنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ جو بات خود اپنی طرف سے ہوتی ہے اس کی بات ہی کچھ اور ہوتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے آمین۔

فقیر ابو محمد مصلح

© rasailojaraid.com